*This Question Paper contains 16 printed pages*
***(Part - A & Part - B)***

Sl.No. 0100055

# 05(U)

**(MARCH, 2019)**

**(Old Course)**

| પ્રશ્ન પેપરનો સેટ નંબર જેની સામેનું વર્તુળ OMR શીટમાં ઘટ્ટ કરવાનું રહે છે. Set No. of Question Paper, circle against which is to be darken in OMR sheet. |
|---|
| **01** |

**Part - A : Time : 1 Hour / Marks : 50**
**Part - B : Time : 2 Hours / Marks : 50**

## (PART - A)

*Maximum Marks : 50]* *[Time : 1 Hour*

ہدایات :

(1) مندرجہ ذیل 01 سے 50 سوالات لازمی ہیں۔

(2) مندرجہ ذیل 01 سے 50 سوالات کے نمبر (مارکس) یکساں ہیں۔ ہر سوال کا 01 نمبر (مارکس) ہے۔

(3) OMR شیٹ پر ہر سوال کے سامنے O (A) O, (B) O, (C) O, (D) دیا گیا ہے۔
اس سوال کا جو صحیح جواب ہو اُس کا متبادل تلاش کر کے OMR شیٹ کے دائرے "O" میں پین سے مکمل گہرا ● کرنا ہوگا۔

1. جھوٹ بولنے والوں کا کیا انجام ہوا؟

(A) پانچ سو اشرفیاں ملیں
(B) پانچ سو جوتیاں پڑیں
(C) پانچ سو ہیرے ملے
(D) پانچ سو چاندی کے سکے ملے

2. زاہد مغل پورہ کی طرف کیوں جا رہا تھا؟

(A) ریل میں بیٹھنے کے لیے
(B) دوستوں کو ملنے کے لیے
(C) فلم دیکھنے کے لیے
(D) خودکشی کرنے کے لیے

3. بھاگو رات کو تین بجے کیوں اٹھا کرتا تھا؟

(A) گلیوں اور نالیوں میں چونا بکھیرنے کے لیے
(B) مریضوں کو دوا دینے کے لیے
(C) بیوی کی دیکھ بھال کرنے کے لیے
(D) کوارنٹین میں جانے کے لیے

4. ''سیمیں سیمیں میں تم سے بہت محبت کرتا ہوں۔'' یہ جملہ کون کس سے کہتا ہے؟

(A) انعام یاسمین سے
(B) اصغر یاسمین سے
(C) جاوید یاسمین سے
(D) یاسمین پروین سے

5. 'داستان' سبق میں اُس آدمی کو کس چیز کی بھوک تھی؟

(A) پیسے کی
(B) عزّت کی
(C) روٹی کی
(D) اقتدار کی

6. جوگیّا کی خواہش تھی کہ اُس کے سب بچے

(A) گائے بیل خرید وفروخت کریں
(B) کپڑا بیچیں
(C) گھومے پھریں
(D) کھیت میں کام کریں

7. اہلِ عرب نجاشی کسے کہتے تھے؟

(A) حبش کے فرماں روا کو
(B) حبش کے وزیر کو
(C) عرب کے فرماں روا کو
(D) عرب کے وزیر کو

8. چاند کی خبر سنتے ہی شاہی محل سے کن چیزوں کی تقسیم ہوتی تھی؟

(A) پوریاں، شامی کباب
(B) پنیر کی چکتیاں، مصری کے کوزے
(C) بیسنی، روغنی میٹھی روٹیاں
(D) میتھی کا ساگ، بیگن کا دلمہ

9. کس موقع پر بچے کی ضد کا رآمد ہوا کرتی ہے؟

(A) مولوی صاحب کے آنے کے وقت
(B) مہمان کے آنے کے وقت
(C) دادا کے آنے کے وقت
(D) چچا کے آنے کے وقت

10. اخبار بینی سبق کے مُصنِفّ کون ہیں؟

(A) پریم چند
(B) رتن سنگھ
(C) کنہیّالال کپور
(D) راجندر سنگھ بیدی

**11.** مُصنّف کو مولانا نیاز فتح پوری صاحب کے انتقال کی خبر سُن کر سب سے زیادہ افسوس کس بات پر ہوا؟

(A) وہ مولانا کا قرض ادا نہ کر سکے
(B) وہ مولانا کے آخری دیدار نہ کر سکے
(C) وہ مولانا کی کتاب شائع نہ کر سکے
(D) وہ مولانا کو اپنا کلام نہ سنا سکے

**12.** نوجوان راجہ کے لیے تحفے میں کیا لایا تھا؟

(A) چند جنگی ہتھیار
(B) پچاس بیگھا زمین
(C) چند تعلیمی کتابیں
(D) چند خواب، چند سپنے

**13.** بنارس کا کون سا نام ایک دن بھی نہ چل سکا؟

(A) فیض آباد
(B) اَوَدھ
(C) وارانسی
(D) محمود آباد

**14.** عبدالکلام کو اپنے والدین سے کون سی صفات ورثے میں ملی تھیں؟

(A) انسانیت اور مُروّت
(B) خودداری اور خوداعتمادی
(C) بہادری اور دلیری
(D) ایمانداری اور خودنظمی

**15.** امرکانت کس کہانی کا کردار ہے؟

(A) ممتا
(B) داستان
(C) گاؤں کی زندگی
(D) خودکُشی

16. شاعر کے کہکشاں کے بارے میں کیا کہا ہے؟

(A) یہ آپ ؐ کی محبت کا پھول ہے
(B) یہ آپ ؐ کے قدموں کی دھول ہے
(C) یہ عشق ووفا کا اُصول ہے
(D) یہ توعشقِ رسول ؐ ہے

17. 'درمدح بہادُر شاہ' نظم کے شاعر کون ہیں؟

(A) غالبؔ
(B) مرزا دبیرؔ
(C) ذوقؔ
(D) حالیؔ

18. جب حضرت امام حسینؓ نے اپنی بہن کو مٹی سنگھائی تو اُنھوں نے کیا کہا؟

(A) بھیّا اس میں تمہارے خون کی بو آتی ہے
(B) بھیّا یہ مٹی بہت خراب ہے
(C) بھیّا یہ مٹی بہت بدبودار ہے
(D) بھیّا یہ مٹی کسی کام کی نہیں ہے

19. کحّال نے زین الملوک کی آنکھوں کا علاج کیا بتایا؟

(A) گلِ بکاؤلی
(B) گل ریحان
(C) گلِ لالہ
(D) گلِ سُرخ

20. ولیؔ گجراتی کی غزل میں مطلع میں شاعر نے ظالم کسے کہا ہے؟

(A) اپنے دوست (محبوب) کو
(B) اپنے دشمن کو
(C) اپنے رقیب کو
(D) اپنے خاندان کو

21. مقطع کسے کہتے ہیں؟

(A) غزل کے پہلے شعر کو
(B) غزل کے درمیانی شعر کو
(C) غزل کے آخری شعر کو
(D) شاعر کے نام کو

22. 'خلوتِ رازِ نہاں' سے کیا مُراد ہے؟

(A) تنہا چھُپا ہوا خواب
(B) تنہا چھُپا ہوا پیار
(C) تنہا چھُپا ہوا دوست
(D) تنہا چھُپا ہوا راز

23. 'کارواں گزرا کیا ہم رہ گزر دیکھا کیے' اس مصرعے میں ''رہ گزر دیکھا کیے'' کے کیا معنی ہیں؟

(A) دوست کو دیکھا کیے
(B) راستے کو دیکھا کیے
(C) منزل کو دیکھا کیے
(D) مصیبت کو دیکھا کیے

24. ''حضرت موسیٰ کو اللہ نے تجلی دکھائی تھی'' یہ بات کس مصرعے سے ظاہر ہوتی ہے؟

(A) یہ دُنیا ہو یا وہ دُنیا اب خواہشِ دُنیا کون کرے
(B) دُنیا کو سمجھ کر بیٹھے ہیں اب دُنیا دُنیا کون کرے
(C) ہاں وادیِ ایمن بھی ہے وہی ہاں برق کا مسکن بھی ہے وہی
(D) جب کشتی ثابت سالم تھی ساحل کی تمنّا کس کو تھی

.25 شاعر کے خیال میں کس آگ کو بُجھانا مشکل ہے؟

(A) دشمن سے لگی ہوئی آگ
(B) لکڑی سے لگی ہوئی آگ
(C) دوستوں سے لگی ہوئی آگ
(D) آنسوؤں سے لگی ہوئی آگ

.26 خورشید کو ہر صبح کیا خدمت انجام دینی پڑتی ہے؟

(A) دریا کے پانی کو گرم کرنے کی
(B) ہمالیہ کی چوٹی کو اپنی کرنوں سے گوندھنے کی
(C) درختوں کے پتوں کو سُکھانے کی
(D) ندی کے پانی کو دریا تک لے جانے کی

.27 شاعر نے ستارے کو مسافر کہا ہے کیونکہ-----

(A) سورج نکلتے ہی ستارہ ڈوب جاتا ہے
(B) ستارہ ہمیشہ ٹمٹماتا رہتا ہے
(C) ستارہ چاند کے آس پاس ہی رہتا ہے
(D) ستارہ سونے چاندی کی اچکن پہنے چمکتا رہتا ہے

.28 ''فرسٹ الیون''، نظم میں جناب فیض کو کس بات پر مسرت ہے؟

(A) سفید گیند کے کلر پر
(B) چھ سو پندرہ اسکور بنانے پر
(C) سُرخ گیند کے گہرے کلر پر
(D) جناب جوش کے آؤٹ ہونے پر

.29 ''عشرتِ رفتہ''، نظم کے حوالے سے بتایئے کہ دُنیا میں کس کی حکومت ہے؟

(A) محبت کی
(B) نفرت کی
(C) تغیّر کی
(D) خودغرضی کی

30. امجدؔ حیدرآبادی کی رُباعی میں شاعر نے مجبور ہو کر کس کا سہارا لیا ہے؟

(A) خُدا کا
(B) دُنیا کا
(C) دوستوں کا
(D) دُشمنوں کا

31. صحیح تلفظ پہچانیے۔

(A) خودکُشی
(B) خُدکُشی
(C) خودقُشی
(D) خودکُشی

32. ''تاروں بھری رات میں آسمان پر نظر آنے والا نورانی راستے'' کو کیا کہتے ہیں؟

(A) قوسِ قزاح
(B) شفق
(C) اُفق
(D) کہکشاں

33. مندرجہ ذیل ''لاوارِث'' لفظ کی صحیح ترکیب پہچانیے۔

(A) لا+ وا+ رِث
(B) لا+ وارِث
(C) لاوا + رِث
(D) لاو + ارِث

34. صنعتِ تضاد کس مصرعے میں ہے پہچانیے۔

(A) طیبہ کے راستے کا تو کانٹا بھی پھول ہے
(B) پھر اُس کے بعد تیری عبادت قبول ہے
(C) یہ کہکشاں تو آپ کے قدموں کی دھول ہے
(D) یہ عقل کا فریب نگاہوں کی بھول ہے

35. مندرجہ ذیل شعر کی صنعت پہچانیے۔

گل پانے سے بس کہ سرخرو تھے
گھوڑوں پہ ہو کے مثلِ بو تھے

(A) تلمیح (B) تضاد
(C) تشبیہہ (D) استعارہ

36. 'لمبی تان کر سونا' محاورے معنی پہچانیے۔

(A) مایوہو کر سونا (B) تھوڑی دیر سونا
(C) اطمینان سے سونا (D) بے چینی سے سونا

37. ''لالچ بُری بلا ہے'' اس کہاوت کا معنی تلاش کیجئے۔

(A) لالچ کرنے والا پریشان ہوتا ہے (B) لالچ کرنے والا مالدار ہو جاتا ہے
(C) لالچ کرنے والا دُنیا سے فائدہ اُٹھاتا ہے (D) لالچ کرنے والا بہت نام کماتا ہے۔

38. مرزا صاحب والدانہ تبسّم سے بولے
(خط کشیدہ لفظ میں حرف کی قِسم بتایئے)

(A) حرفِ عطف (B) حرفِ ربط
(C) حرفِ فجائیہ (D) حرفِ تخصیص

39. مندرجہ ذیل لفظوں میں کون لفظ ہم معنی نہیں ہے

(A) آفتاب
(B) ماہتاب
(C) چاند
(D) قمر

40. اُسے قریب قریب ایک گھنٹے تک بیٹھنا پڑا۔
(خط کشیدہ لفظ کو قواعد کی رو، سے پہچانیے )

(A) اسم
(B) صِفت
(C) ضمیر
(D) مصدر

41. صحیح جملہ پہچانیے۔

(A) دوُدودھ کے گلاس بھرلائی
(B) دوگلاس دوُدھ کے بھرلائی
(C) دوُدھ کے گلاس دوبھرلائی
(D) گلاس دوُدوھ کے بھرلائی

42. ذیل میں سے کون سے الفاظ متضاد ہیں؟

(A) ظلم۔ستم
(B) خار۔گُل
(C) چال۔چلن
(D) کام۔کاج

43. بچوں کو ہم سب نے روتے ہوئے دیکھا ہے۔ (حالیہ پہچانیے )

(A) بچوں کو
(B) ہم سب نے
(C) دیکھا ہے
(D) روتے ہوئے

44. یہ وہی نالائق لڑکا ہے۔(حرفِ تخصیص پہچانیے)

(A) یہ
(B) وہی
(C) نالائق لڑکا
(D) ہے

45. چاند کی خبر سُن کر بادشاہ گیارہ توپیں چلانے کا حکم دیتا تھا۔
(خط کشیدہ لفظ کی اِسم پہچانیے)

(A) اِسمِ عام
(B) اِسمِ خاص
(C) اِسمِ آلہ
(D) اِسمِ جمع

46. کہ جیوں بے ہوش کرتی ہے شراب آہستہ آہستہ
(خط کشیدہ لفظ کا معیاری لفظ لکھیے)

(A) ایسے
(B) جیسے
(C) کیسے
(D) ویسے

■ ذیل کے اقتباس کو پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھیے۔

اب کوئی ایک میل کے بعد ایک بیرسٹر صاحب کا گھر آیا۔ وہ علی گڑھ میں ہمارے ساتھ پڑھ چکے تھے۔ حال ہی میں انگلستان سے ایک انگریز بیوی لے کر واپس آئے تھے۔ اُن کے دروازے پر پہنچ کر دیکھا کہ بیوی ٹارچ لیے کھڑی ہیں اور نوکر موٹر کو اونچا کرنے کی کوشش کر رہا ہے اور بیرسٹر صاحب خود پہیا بدلنے کی فکر میں ہیں۔

47. بیرسٹر صاحب انگلستان سے کیا لے کر واپس آئے تھے؟

(A) ایک انگریز دوست
(B) ایک انگریز نوکر
(C) ایک انگریز بیوی
(D) ایک انگریز گھوڑا

48. مصنّف بیرسٹر صاحب کے دروازے پر پہنچے تو دیکھا کہ اُن کی بیوی

(A) ٹارچ لیے کھڑی ہے
(B) ڈنڈا لیے کھڑی ہے
(C) ہاتھ میں بیلن لیے کھڑی ہے
(D) موٹر کا پہیّا لیے کھڑی ہے

■ ذیل کے اشعار پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھیے۔

دُنیا کی محفلوں سے اُکتا گیا ہوں یارب
کیا لطف انجمن کا جب دِل ہی بُجھ گیا ہو
شورش سے بھاگتا ہوں دِل ڈھونڈتا میرا
ایسا سکوت جس پر تقریر بھی فِدا ہو

49. شاعر کس چیز سے اُکتا گیا ہے؟

(A) دُنیا کی ندیوں سے
(B) دُنیا کے پہاڑوں سے
(C) دُنیا خاموشی سے
(D) دُنیا کی محفلوں سے

50. شاعر کا دِل کیسا سکوت تلاش کر رہا ہے؟

(A) جس پر دُنیا بھی فِدا ہو
(B) جس پر تقریر بھی فِدا ہو
(C) جس پر خاموشی بھی فِدا ہو
(D) جس پر انسان بھی فِدا ہو

S-815

# 05(U)

**(MARCH, 2019)**

**(Old Course)**

**(PART-B)**

*Maximum Marks : 50]* *[Time : 2 Hours*

**ہدایات:**

(1) اس سوالنامے میں کُل چار حصّے ہیں۔

(2) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(3) بائیں جانب کے اعداد مارکس ظاہر کرتے ہیں۔

(4) ہر سیکشن کے جوابات نئے صفحہ سے شروع کریں۔

(5) سوالات کی ترتیب کو مدنظر رکھیں۔

## SECTION - A

■ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھیے۔ [4]

1. زاہد اور اُس کی بیوی دونوں جنّت میں آباد تھے۔ سمجھائیے۔

یا

کوارنٹین کہانی میں سب سے زیادہ المناک واقعہ کون سا بیان کیا گیا ہے؟

■ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین چار جملوں میں لکھیے۔ [4]

2. جاوید نے کس بات سے اندازہ لگایا کہ یاسمین گھر پر موجود نہیں ہے؟

3. اپنی پیسوں کی بھوک مٹانے کے لیے اُس آدمی نے کیا کیا؟

یا

عبدالکلام کے والد کو اُن سے کون سی اُمیدیں وابستہ تھیں؟

[3] ■ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب آٹھ دس جملوں میں لکھیے ۔

4. چاروں شہزادوں کو کیسے علم ہوا کہ تاج الملوک کے پاس گُلِ بکاوَلی ہے؟

یا

'' نوالا '' نظم کا خُلاصہ لکھیے ۔

[4] ■ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین چار جملوں میں لکھیے ۔

5. حضرت امام حسینؓ نے اپنی بے قرار بہن سے کیا کہا؟

6. شاعر نے ایسا کیوں کہا ہے کہ ہر ایک سے انسانیت کا بار نہیں اُٹھ سکتا ؟

یا

شاعر اسکول جاتے ہوئے بچوں کے ساتھ اسکول کیوں جانا چاہتا ہے؟

## SECTION - B

[5] ■ مندرجہ ذیل عبارت کا اختصار ایک تہائی 1/3 حصّے میں کیجیے۔اور مناسب عنوان دیجیے۔

7. ہمارے شہر جیسے جیسے ترقی کرتے جا رہیں ویسے ویسے آلودگی کا مسئلہ بڑھتا جا رہا ہے ۔ آلودگی نے نہ صِرف ہماری فضا کو اپنی زد میں لے لیا ہے بلکہ ہماری صحت بھی اس سے متاثر ہوئی ہے آج ایسی بیماریاں وجود میں آرہی ہیں جس کے نام سے بھی ہم واقف نہ تھے۔مختلف بیماریوں سے متاثر ہونے والوں میں اکثریت ذہنی مریضوں کی ہے۔اس کے علاوہ اس آلودگی نے انسان کے دل ومعدے پر بھی اپنا اثر دکھایا ہے۔اگر ہم اس کے مُضرِ اثرات سے بچنا چاہتے ہیں تو ہمیں آلودگی کی وجوہات جان کر اُسے روکنا ہوگا۔

■ اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تقریباً پندرہ جملوں میں) [5]

**8.** شبِ فراق اُٹھے دِل میں اور بھی کئی درد
کہوں یہ کیسے تری یاد رات بھر آئی

یا

منزل دراز، رات سیہ ، راہ بے نشاں
جنگل مُہیب ، خارِ مغیلاں یہاں وہاں

## SECTION - C

**9.** 27، گلشن پارک، مُغل پورہ، لکھنؤ سے ''زویہ'' بنگلور میں مقیم اپنی سہیلی ''صادقہ'' کو اپنے بھائی کی شادی میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے خط لکھتی ہے۔ [5]

**10.** آپ کی اسکول میں منائے گئے ''یوم اساتذہ'' کی تقریب'' کا احوال تقریباً 100 لفظوں میں تیار کیجیے۔ [5]

## SECTION - D

**11.** عبارت کو زبان دانی کے اعتبار سے پڑھکر مناسب رَموز واوقاف لگا کر دوبارہ لکھیے۔ [3]

نیاز صاحب نے کبھی نقلی بتیّسی لگائی ہی نہیں میں نے اُن کے پوپلے منہ کو دیکھ کر خود اُن سے ایک دعوت میں پوچھا تھا کہ آپ اپنا چوکا کیوں نہیں بنوا لیتے میرے اس بدتمیزی کے سوال پر اُنھوں نے متبسم ہو کر فرمایا ڈاکٹر کہتے ہیں کہ میرے منہ میں اتنی گنجائش نہیں ہے کہ اس میں بتیّسی لگائی جائے میں نے سوچا کہ جیسے نیاز صاحب کی ہر بات میں ایک انوکھا پن ہوتا ہے یہ بھی ایک انوکھی بات ہے کہ نقلی دانت اُن کے مُنہ میں نہیں سما سکتے پھر میں نے کھانے کے دوران میں مولانا کی طرف دیکھا تو وہ بغیر کسی زحمت کے کھانا کھا رہے تھے۔

**12.** قوسین میں دی گئی ہدایت کے مطابق خط کشیدہ حصّے میں تبدیلی کر کے عبارت کو دوبارہ لکھیے۔ **[4]**

جو گیا کی زمین لگ بھگ سوا ایکڑ ہے۔اس کا بڑا حِصّہ اُسی کی محنت کی کمائی ہے۔(مصدر بنائیے) اس لیے زمین کے رشتے کے مقابل اُسے دوسرے رشتے کمزور معلوم ہوتے ہیں (ضِد لکھیے) وہ اپنی جان سے زیادہ کھیت کی حفاظت کرتا، جی توڑ کر محنت کرتا۔(جمع لکھیے) کوئی پانی کی نالی کو روکنا چاہتا تو جان کی پروا کیے بغیر اُس کے ہشتے توڑ دیتا اور کھیت کو برابر پانی پہنچاتا۔وہ کہا کرتا تھا 'دیکھوں کون مقابلے کو آتا ہے، جب وہ کھیت کے کنارے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا تو گاؤں والے ڈر جاتے۔(محاورہ کا معنی لکھیے)

**13.** کسی ایک عنوان پر تقریباً 250 لفظوں میں مضمون لکھیے۔ **[8]**

(i) میرا یادگار سفر

(ii) دیہاتی زندگی

⇨⇨⇨⇨